پریس ریلیز

M9موٹروے پر شیل پاکستان کے انٹیگریٹڈ ریٹل آؤٹ لیٹ کا افتتاح

کراچی، 29مارچ، 2022: شیل پاکستان لمٹیڈ (ایس پی ایل) کے دوسرے 'انٹیگریٹیڈ ریٹیل آؤٹ لیٹ کا کراچی میں افتتاح ہوا۔ یہ آؤٹ لیٹ M9موٹروے کی اسٹریٹیجک لوکیشن پر قائم کیا گیا ہے جو ساحلی شہر کو ملک کے دیگر حصوں سے ملاتا ہے۔ نئی ریٹیل آؤٹ لیٹ 'ایس پی ایل او اسس' کے نام سے قائم کیا گیا ہے جو پاکستان کی ریٹیل مارکیٹ میں 'منزل' کا تصور متعارف کراتا ہے اور موٹروے پر قائم کیا جانے والا یہ آؤٹ لیٹ صارفین کو سہولتوں کی وسیع رینج پیش کرتا ہے۔ پہلا آئی آر آو شیل عسکری سروس اسٹیشن کراچی میں ڈالمیا کے نزدیک قائم کیا گیا تھا۔

جدید مختلف فیولنگ آپریشنز کے ذریعے، شہروں کے درمیان سفر کرنے والوں کی ایندھن کے لیے ضرورت پورا کرنے کے علاوہ، یہ ریٹیل آؤٹ لیٹ صارفین کی دیگر ضرورتیں بھی پورا کرتا ہے۔ اس آؤٹ لیٹ پر مسافر نہ صرف آرام کر سکتے ہیں بلکہ یہاں پر موجود مسجد میں نماز بھی ادا کر سکتے ہیں جس میں مردوں اور خواتین کے لیے الگ الگ جگہ فراہم کی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ، اِس آؤٹ لیٹ پر مردوں، خواتین اور مختلف صلاحیتوں کے حامل افراد کے لیے الگ الگ بین الاقوامی معیار اور صحت بخش ماحول کے حامل آرام گاہیں (restrooms) فراہم کرنے کے علاوہ بچوں کی دیکھ بھال کی سہولتیں بھی فراہم کیں گئیں ہیں۔ یہاں پر مسافر اکھٹا ہو کر کھانا کھا سکتے ہیں، جس کے لیے یہ ایکو سسٹم کے ایف سی کی سہولت فراہم کرتا ہے اور جو عالمی معیار کا کوئیک سروس ریسٹورنٹ ہونے کے ساتھ ڈرائیو تھرو سہولت بھی پیش کرتا ہے۔ شیل سیلیکٹ اسٹور کے ذریعے اعلی معیار کے کھانے کے علاوہ دیگر مصنوعات فروخت کی جاتی ہیں۔ اسی کے ساتھ 'Greeno' کیاسک پر تازہ مشروبات بھی دستیاب ہیں۔ یہ ریٹیل آؤٹ لیٹ آئل چینج، ٹائر کیئر اور کارواش کی سہولتیں بھی فراہم کرتا ہے جہاں سفر کرنے والے افراد روانگی سے پہلے اپنی گاڑیوں کو سفر کے لیے تیار کر سکتے ہیں۔

شہر میں الیکٹرک وہیکلز کی بڑھتی ہوئی تعداد کو توانائی کی فراہمی کے لیے کے الیکٹرک کے تعاون سے 'ایس پی ایل او سس' پر شیل ریچارج بھی قائم کیا گیا ہے جو سندھ کے موٹرویز پر پہلی مرتبہ عوامی سطح پر چارجنگ کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس ریٹیل آؤٹ لیٹ پر KW50 کا سولر انرجی سسٹم بھی قائم کیا گیا ہے۔ اس کے لیے کے-سولر نے تعاون کیا ہے اور جس کے قیام کا مقصد صاف ترین توانائی کے ذرائع روشناس کرانا ہے۔

اس موقع پر شیل پاکستان لمٹیڈ کے چیف ایگزیکٹو اور مینجنگ ڈائریکٹر، وقار صدیقی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا: ''حکومت پاکستان ملک میں سیاحت کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہی ہے جس سے ملک کا مثبت تاثر اجاگر ہوگا اور ہماری معیشت کو آمدنی بھی حاصل ہو گی۔ شیل پاکستان اپنی قوم کی خدمت کے مشن کے حوالے سے پرعزم ہے۔ ہم ان کوششوں میں شرکت کے لیے انتہائی آرزومند ہیں اور M9 موٹروے پر قائم کیے جانے والے ریٹیل ایکو سسٹم کے قیام پر بہت خوش ہیں جو مسافروں اور سیاحوں کو چوبیس گھنٹے خدمات فراہم کرے گا۔''

کے ایف سی (KFC) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، رضا پیر بھائی نے کہا: ''ہم M9 موٹروے پر دوسرے انٹیگریٹیڈ ریٹیل آؤٹ لیٹ کے قیام کی غرض سے شیل کے ساتھ شراکت پر خوش ہیں۔ اس نئے آؤٹ لیٹ کا قیام کے ایف سی کے جرآتمندانہ توسیعی منصوبے کا حصہ ہے جس کا مقصد ریٹیل فٹ پرنٹ میں اضافہ کرنے کے ساتھ پاکستان کی اہم شاہراہوں پر کسٹمرز کو تازہ اور معیاری خوراک کی باسہولت فراہمی بھی ہے۔ فیول اسٹیشنوں کے ساتھ کے ایف سی کی شراکت نہ صرف کاروباری اداروں کے لیے بہت اہمیت کی حامل ہے بلکہ صارفین کے لیے بھی اہمیت رکھتی ہے جو سفر کے دوران اُن کی تمام ضرورتیں پورا کرنے کے لیے ون اسٹاپ شاپ کی حیثیت رکھتے ہیں۔''

کے الیکٹرک کی چیف اسٹریٹیجی آفیسر، ناز خان نے کہا: ''کے الیکٹرک میں سسٹین ایبلٹی کو کاروباری فلسفے میں بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ گزشتہ برسوں میں، کمپنی ایسے متعدد اقدامات میں راہنمایانہ کردار ادا کرتی رہی ہے جو یونائیٹڈ نیشنز کے سسٹین ایبل ڈیویلپمنٹ گولز (SDGs) کی مطابقت میں ہیں اور جو معاشرے کو بہتر بنانے میں اپنا اہم کردار ادا کرتے رہنے کے علاوہ پاکستان میں توانائی کے مستقبل کو صاف تر اور سبز تر بناتے رہیں گے۔ موسمی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے اپنی حکمت عملی کے طور پر، حکومت پاکستان جہاں الیکٹرک وہیکلز کے استعمال میں اضافہ کرنے کے لیے پر عزم ہے ہمیں خوشی ہے کہ کے-الیکٹرک اور شیل نے الیکٹرک وہیکل چارجنگ نیٹ ورک میں توسیع کے لیے تعاون کیا ہے اور بڑے پیمانے پر یہ ٹیکنالوجی اختیار کرنے کے لیے ماحول پیدا کرنے میں سرگرم کردار ادا کیا ہے۔